## أخبار الجامعه

## جمعیت اہل حدیث برطانیہ کے ناظم اعلیٰ مولانا شعیب میرپوری کا خطبہ جمعہ

رئیس الجامعہ کی دعوت پر مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث میں مورخہ 9 مئی کا خطبہ جمعہ مرکزی جمعیت اہل حدیث برطانیہ کے ناظم اعلیٰ مولانا شعیب احمد میرپوری نے ارشاد فرمایا۔ سیرت النبی ﷺ کے موضوع پر ان کا یہ خطبہ جمعہ انتہائی مدلل اور متاثر کن تھا۔ سامعین نے اسے بہت سراہا۔ اللھم زد فزد

## جامع مسجد مدنی اہل حدیث سعیلہ جہلم کینٹ کا افتتاح

جامعہ علوم اثریہ جہلم کے زیر اہتمام نئی تعمیر شدہ جامع مسجد مدنی اہل حدیث سعیلہ جہلم کینٹ کا افتتاحی خطبہ جمعہ مورخہ 20 جون کو رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے ارشاد فرمایا۔ یاد رہے کہ یہ مسجد بھی ان مساجد میں سے ہے جن کی تعمیر کا پروگرام مرحوم حضرت علامہ محمد مدنی رحمہ اللہ نے اپنی زندگی میں بنالیا تھا۔ اس مسجد اور مدرسہ کی جگہ وقف کرنے کا واقعہ بھی بڑا دلچسپ اور سبق آموز ہے۔ اللہ کی ایک نیک بندی نے اپنی رہائشی خوبصورت کوٹھی برائے تعمیر مسجد و مدرسۃ البنات جامعہ علوم اثریہ جہلم کے نام وقف کروانے کے بعد وقف کے مکمل کاغذات منتظمین جامعہ کو پیش کئے۔ اللہ رب العزت اس نیک بندی کا یہ عطیہ قبول و منظور فرمائے۔ آمین۔ الحمدللہ تھوڑے ہی عرصہ میں اس کی یہ خواہش پوری ہوگئی اور مسجد کی تعمیر مکمل ہوگئی۔ جہاں پہ نماز پنجگانہ اور صبح و شام بچوں کی دینی تعلیم و تربیت کیلئے حافظ رضوان صدیقی کا تقرر کردیا گیا ہے اور ان کی اہلیہ۔ جو کہ جامعہ اثریہ للبنات میں معلمہ ہیں۔ وہ وہاں پہ شام کو بچیوں کو قرآن و حدیث کی تعلیم دیتی ہیں۔ اہل علاقہ کی خواہش پر یہاں جمعہ شروع کردیا گیا ہے۔ افتتاحی جمعہ میں علاقہ بھر سے بڑی تعداد میں لوگ شریک ہوئے۔ مسجد میں تل دھرنے کی جگہ نہ رہی، جبکہ مستورات کی ایک بڑی تعداد نے بھی خطبہ جمعہ میں شرکت کی۔ حافظ صاحب نے توحید و سنت کے موضوع پر قرآن و حدیث سے مدلل خطاب فرمایا۔

## بلال سنٹر (مین بازار جہلم) کا افتتاح

مرکزی انجمن تاجران جہلم کے صدر اور کلاتھ مرچنٹ ایسوسی ایشن کے سربراہ صائمہ کلاتھ سنٹر والے شیخ محمد جاوید صاحب کے بیٹے اظہر جاوید شیخ نے مین بازار جہلم میں بلال سنٹر کے نام سے کاروبار شروع کیا ہے۔ اس موقع پر افتتاحی درس مورخہ 2 مئی صبح 9 بجے رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید نے ''اصول تجارت اور ایک مومن کی ذمہ داریاں'' کے موضوع پر ارشاد فرمایا۔ اس تقریب میں شیخ صاحب کے عزیز و اقارب کے علاوہ چیدہ چیدہ کاروباری حضرات نے شرکت کی۔ آخر میں حافظ صاحب کی دعائے خیر سے یہ تقریب اختتام پذیر ہوئی۔

## عالم جیولرز (کناری بازار جہلم) کا افتتاح

جماعتی ساتھی جہانگیر عالم صاحب نے کناری بازار یعقوب پلازہ میں عالم جیولرز کے نام سے ایک دکان شروع کی ہے۔اس کی افتتاحی تقریب مورخہ 23 جون ساڑھے دس بجے صبح ہوئی۔جس میں بڑی تعداد میں ان کے دوست احباب اور کاروباری شخصیات نے شرکت کی۔مولانا فیض احمد (متعلم مدینہ یونیورسٹی) کی دعائے خیر سے یہ تقریب اختتام پذیر ہوئی۔

## بسم اللہ الیکٹرک سٹور (عقب دفتر بلدیہ) کا افتتاح

ہمارے جماعتی ساتھی محمد سعید صاحب نے (المرکز روڈ عقب دفتر بلدیہ) بسم اللہ الیکٹرک سٹور کے نام سے بجلی کے سامان کی دکان شروع کی ہے۔مورخہ 21 جون کو شام 6 بجے رئیس الجامعہ کی دعائے خیر سے اس کا افتتاح ہوا۔جس میں علاقہ بھر سے بڑی تعداد میں لوگ شریک ہوئے۔

## فتح پور ضلع گجرات میں جلسہ سیرت النبی ﷺ

مورخہ 23 جون کو جامع مسجد عمر اہل حدیث فتح پور میں سیرت النبی ﷺ کے موضوع پر جلسہ عام زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید منعقد ہوا۔جس میں مولانا قاری خالد مجاہد، مولانا نعیم بٹ، حافظ محمد یونس آزاد، قاری عصمت اللہ ظہیر، رانا خلیق پسروری اور امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث ضلع گجرات مولانا سید ظفر علی شاہ صاحب نے خطاب کیا۔سید ثناء اللہ شاہ مہتمم جامعہ سردار للبنات (رانیوال سیداں) نے سٹیج سیکرٹری کے فرائض سرانجام دیئے۔چوہدری عبدالمالک صاحب اور خطیب مسجد مولانا سرفراز کی کوششوں سے یہ پروگرام بہت کامیاب رہا، جس میں علاقہ بھر سے بڑی تعداد میں لوگ شریک ہوئے۔

## جامع مسجد اہل حدیث نورہ (منڈیالہ۔گجرات) کا افتتاح

مورخہ 7 اپریل کو جامع مسجد نورہ کا افتتاح سیرت النبی ﷺ کے موضوع پر ایک جلسہ عام سے ہوا۔جس کی صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید نے کی۔امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث ضلع گجرات سید ظفر علی شاہ صاحب اور مولانا خالد مجاہد صاحب نے قرآن وحدیث کے موضوع پر مفصل خطاب فرمایا۔پروگرام کے اختتام پر سید ثناء اللہ شاہ صاحب نے علماء کرام اور منتظمین جلسہ (حولدار چوہدری محمد اکرم، حاجی محمد یوسف، مولانا ماسٹر محمد ناصر اور محمد سعید صاحب) کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔یاد رہے کہ یہ مسجد بھی علامہ محمد مدنی صاحب مرحوم کی صدقات جاریہ میں سے ہے۔اللہ قبول فرمائے۔آمین

## وفیات

### چوہدری محمد اشرف صاحب (بلال ٹاؤن) کو صدمہ

جماعت کے بزرگ ساتھی اور مسجد علیاء اہل حدیث کے مستقل نمازی چوہدری محمد اشرف صاحب کے بڑے بیٹے اور چوہدری محمد ذوالفقار صاحب کے بڑے بھائی محمد مظہر اقبال صاحب مورخہ 18 مئی کو 9 بجے شب اچانک انتقال کر گئے۔ إنا لله وإنا إليه راجعون۔ مرحوم کی نماز جنازہ اگلے روز 2 بجے دن ادا کی گئی۔ پسماندگان میں مرحوم نے ایک بیٹی اور 2 بیٹے چھوڑے ہیں۔

### شیخ محمد عبداللہ صاحب کا انتقال پر ملال

بزرگ جماعتی ساتھی اور جامع سلطان کے مستقل نمازی شیخ محمد عبداللہ صاحب طویل علالت کے بعد مورخہ 8 جون کو اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ إنا لله وإنا إليه راجعون۔ شیخ صاحب مرحوم والد مرحوم حضرت حافظ عبدالغفور صاحب سے انتہائی عقیدت ومحبت رکھتے تھے۔ مرحوم انتہائی خلیق اور ملنسار انسان تھے۔ جامعہ کے طلبہ کے ساتھ بڑی شفقت کرتے تھے۔ جب تک صحت مند تھے مرحوم باقاعدگی سے نماز باجماعت ادا کرتے رہے۔ ادارہ ''حرمین'' ان کے بیٹے اسجد محمود کے غم میں برابر کا شریک ہے۔

### چوہدری عارف کریم ایڈووکیٹ برادران کو صدمہ

چوہدری محمد شریف مرحوم کے بیٹے طارق محمود مورخہ 24 جون کو طویل علالت کے بعد وفات پا گئے إنا لله وإنا إليه راجعون۔ مرحوم نے اپنی زندگی میں فیصل ٹاؤن نزد محلہ مہدی شاہ مسجد کیلئے اپنی جگہ میں سے 1/3 حصہ وقف کر دی تھی۔ بقایا جگہ ان کے عزیزوں نے وقف کی تھی۔ جہاں پہ جامعہ علوم اثریہ نے مسجد بنا کر جمعہ جماعت شروع کر دیا ہوا ہے۔ دعا ہے کہ اللہ رب العزت مسجد کیلئے یہ جگہ ان کیلئے صدقۂ جاریہ بنا دے۔ آمین

ادارہ ''حرمین''، جامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے ورثاء کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔ قارئین سے ان کی مغفرت تامہ کی دعا کی درخواست ہے۔

# نتائج ششماہی امتحانات جامعہ علوم اُثریہ

سابقہ روایات کے مطابق امسال بھی جامعہ کے زیر اہتمام ششماہی امتحانات بتاریخ 14 مئی 2003ء بروز بدھ وار بمطابق 11 ربیع الاول 1424ھ شروع ہوئے اور بتاریخ 22 مئی 2003ء بمطابق 19 ربیع الاول 1424ھ بروز جمعرات اختتام پذیر ہوئے۔ جس میں قسم الدراسات الاسلامیہ شعبہ درس نظامی کا نتیجہ 88 فیصد رہا اور قسم تحفیظ القرآن الکریم اور شعبہ ناظرہ کا نتیجہ 100 فیصد رہا۔ اس طرح جامعہ کے زیر اہتمام ان تین شعبہ جات کے علاوہ اُثریہ ہائی سکول (اثریہ روڈ) اور اُثریہ مڈل سکول (مخدوم آباد جادہ) کام کر رہے ہیں اور ان تمام شعبوں کے طلباء کی کل تعداد مجموعی طور پر 1205 ہے۔

## شعبہ کتب میں جامعہ بھر میں امتیازی پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ

اول: فہد اکرم　　ثانی: نوید امجد　　ثالث: تسلیم اختر

## اپنی اپنی کلاس میں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ

| نمبر | نام | جماعت | مضامین | کل نمبر | حاصل کردہ نمبر | پوزیشن |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | فرقان احمد | ثانیہ عالیہ | 13 | 520 | 502 | اول |
| 2 | عمران خان | ثانیہ عالیہ | 13 | 520 | 501 | دوم |
| 3 | محمد طارق | ثانیہ عالیہ | 13 | 520 | 494 | سوم |
| 4 | عبدالوکیل | اولی عالیہ | 13 | 520 | 496 | اول |
| 5 | ذبیح الرحمٰن | اولی عالیہ | 13 | 520 | 495 | دوم |
| 6 | محمد رضوان | اولی عالیہ | 13 | 520 | 482 | سوم |
| 7 | نسیم احمد | ثالثہ ثانوی | 13 | 520 | 442 | اول |
| 8 | غلام حسن | ثالثہ ثانوی | 13 | 520 | 404 | دوم |
| 9 | اعجاز احمد | ثالثہ ثانوی | 13 | 520 | 397 | سوم |
| 10 | فہد اکرم | ثانیہ ثانوی | 15 | 600 | 589 | اول |
| 11 | نوید امجد | ثانیہ ثانوی | 15 | 600 | 583 | دوم |
| 12 | تسلیم اختر | ثانیہ ثانوی | 15 | 600 | 581 | سوم |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 13 | عبدالخالق | اولی ثانوی | 13 | 520 | 502 | اول |
| 14 | انعام اللہ | اولی ثانوی | 13 | 520 | 480 | دوم |
| 15 | عثمان غنی | اولی ثانوی | 13 | 520 | 470 | سوم |
| 16 | محمد زکریا | ثالثہ متوسطہ | 13 | 520 | 483 | اول |
| 17 | عبدالرحمٰن | ثالثہ متوسطہ | 13 | 520 | 474 | دوم |
| 18 | ذیشان ایوب | ثالثہ متوسطہ | 13 | 520 | 469 | سوم |
| 19 | عکاشہ مدنی | ثانیہ متوسطہ | 13 | 520 | 499 | اول |
| 20 | طاہر مقبول | ثانیہ متوسطہ | 13 | 520 | 485 | دوم |
| 21 | عبدالغفور بن احمد حقیق، | ثانیہ متوسطہ | 13 | 520 | 476 | سوم |
| 22 | فیصل محمود | اولی متوسطہ | 13 | 520 | 478 | اول |
| 23 | محمد ظہیر | اولی متوسطہ | 13 | 520 | 468 | دوم |
| 24 | نعمان ایوب | اولی متوسطہ | 13 | 520 | 464 | سوم |
| 24 | صفدر علی | الصف الاعدادی | 13 | 520 | 462 | اول |
| 26 | وزیر احمد | الصف الاعدادی | 13 | 520 | 444 | دوم |
| 27 | محمد ارسلان | الصف الاعدادی | 13 | 520 | 440 | سوم |

## شعبہ حفظ میں جامعہ بھر میں امتیازی پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ

اول: قیام الدین بن محمد جان ثانی: محمد مسعود بن محمد شریف ثالث: عبدالعزیز بن محمد عبداللہ

## شعبہ حفظ میں مختلف حلقات میں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ

مجموعہ (۱) عبدالعزیز بن محمد عبداللہ سہیل قیصر بن خوشی محمد، عمیر اکبر بن محمد اکبر

مجموعہ (۲) محمد مسعود بن محمد شریف، اہل الدین بن بحر الدین، محمد داؤد عبدالمجید

مجموعہ (۳) عبدالرشید بن شیر بادشاہ، عزیز احمد بن گل محمد، اسلام الدین، وسیم شعیب

مجموعہ (۴) عبدالحکیم بن عبدالرزاق، عمران محمود بن محبوب حسین، مدثر اقبال بن غلام نبی

مجموعہ (۵) محمد عمر بن محمد ادریس، محمد زید بن محمد طارق، طلحہ بن طاہر

مجموعہ (۶) قیام الدین بن محمد جان، مطیع اللہ بن محمد حسین محمد احمد بن محمد ممتاز